| Paper Code Number: 2027 | 2023 (1st-A)<br>انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ ( جماعت گیارہویں ) | رول نمبر ________ |
|---|---|---|

| کل نمبر = 20 | وقت = 20 منٹ | معروضی | گروپ۔پہلا | پرچہ - پہلا | اردو ( لازمی ) |
|---|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات (11-1-23 MTN) | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | '' آتشِ نمرود '' اور '' آبِ حیات '' گرامر کی رُو سے ہیں۔ | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | کنایہ |
| 2 | تشبیہ کے لغوی معنی ہیں۔ | ادھار لینا | اشارہ کرنا | پیچھے پیچھے آنے والا | مانند قرار دینا |
| 3 | '' مشبہ '' اور '' مشبہ بہ '' کو ____ کہتے ہیں۔ | غرضِ تشبیہ | وجہ تشبیہ | طرفین تشبیہ | اداتِ تشبیہ |
| 4 | ارکانِ استعارہ ____ ہوتے ہیں۔ | دو | تین | پانچ | سات |
| 5 | وہ شے جس کے لیے مستعار لیا جائے، ____ کہلاتی ہے | مشبہ بہ | وجہ جامع | مستعار منہ | مستعار لہ |
| 6 | مطلع کے دونوں مصرعوں کا ____ ہونا ضروری ہے۔ | برابر | مناسب | ہم قافیہ | موزوں |
| 7 | وہ الفاظ جو وزن اور صوت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں، ____ کہلاتے ہیں۔ | قوافی | ردیف | مرکب الفاظ | مستقل الفاظ |
| 8 | مقطع کی پہچان ____ ہے۔ | آخری شعر | پہلا شعر | تخلص اور آخری شعر | قافیہ اور ردیف |
| 9 | جس غزل کی ردیف ہو، ____ کہلاتی ہے۔ | مردف غزل | غیر مردف غزل | مسلسل غزل | پابند غزل |
| 10 | '' قافیہ '' کا لفظی مطلب ____ ہے۔ | پے درپے آنے والا | پیچھے پیچھے آنے والا | گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا | A اور B دونوں |
| 11 | گندم ____ فروخت جاری ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| 12 | مجھے لاہور ____ دو ٹکٹ دے دیجیے۔ | کی | کیں | کے | کا |
| 13 | یہ اُردو ____ بہترین لُغت ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 14 | بھنگی نے کمرے میں جھاڑو نہیں ____ | لگایا | دیا | لگائے | دی |
| 15 | ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ____ | لگائی | لگایا | لگائے | لگائیں |
| 16 | سرسید نے '' خطباتِ احمدیہ '' ____ برس میں لکھی۔ | ایک | ڈیڑھ | دو | اڑھائی |
| 17 | زھراوی نے اہلِ یورپ کو ____ سے رُوشناس کرایا۔ | سرجری | میڈیسن | ڈاکٹری | قانون |
| 18 | علامہ اقبالؒ نے مولانا اکبر کے اشعار ____ میں دیکھے۔ | ایسٹ اینڈ ویسٹ | زمانہ | فنون | اوراق |
| 19 | کفایت شعار لوگ ____ پال لیتے ہیں۔ | چوزے | کُتے | کبوتر | مُرغ |
| 20 | اس دنیا کی بنیاد ____ پر ہے۔ | اختلافِ عمل | باہمی تعاون | اشتراکِ عمل | ذاتی عمل |

ParhloPakistan.com

2023 (1st-A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ (جماعت گیارھویں)

رول نمبر ____________

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اردو (لازمی) پرچہ - پہلا | گروپ - پہلا | انشائیہ | وقت = 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

حصہ اول ~~Paper~~ 11-1-23 MTN

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) کبھی اے نوجوانِ مسلم! تدبّر بھی کیا تو نے؟ — وہ کیا گردوں تھا، تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا؟

(ii) تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں — کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں، تاجِ سردارا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

(i) یہ آرزو تھی، تجھے گُل کے رُو بہ رُو کرتے — ہم اور بلبلِ بے تاب، گفتگو کرتے

(ii) پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خُوب ہُوا — زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

(iii) مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ — کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

حصہ دوم

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) ایسی کامل و جامع ہستی جو اپنی زندگی میں ہر نوع اور ہر قسم، ہر گروہ اور ہر صنفِ انسانی کے لیے ہدایت کی مثالیں اور نظیریں رکھتی ہو، وہی اس لائق ہے جو اس اصناف و انواع سے بھری ہوئی دنیا کی عالم گیر اور دائمی رہنمائی کا کام سر انجام دے، جو غیظ و غضب اور رحم و کرم، جود و سخا اور فقر و فاقہ، شجاعت و بہادری اور رحم دلی، رقیق القلبی، دنیا اور دین دونوں کے لیے ہمیں اپنی زندگی کے نمونوں سے بہرہ مند کر دے۔

(ب) کپڑے تو میں نے بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کہ کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور میں جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیے کہ میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکا۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5۔ میر انیس کی نظم ”میدانِ کربلا میں صبح کا منظر“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ استاد اور شاگرد کے مابین ”موبائل فون کے غیر ضروری استعمال“ کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ 10

یا

کالج میں منعقد ہونے والی ”یومِ اقبال“ کی تقریب کی رُوداد لکھیے۔

7۔ ایک مکان کے فروخت کی رسید لکھیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

آج دنیا میں زبان، نسل اور رنگ کے اختلافات کی وجہ سے فساد برپا ہے۔ چنانچہ انسانی دنیا ان فتنہ انگیز امتیازات کی وجہ سے گروہوں میں تقسیم ہو چکی ہے۔ لیکن اس کے برعکس اسلام ایک ایسا دینِ فطرت ہے جس میں ایسے اختلافات کا تصور موجود نہیں۔ وہ تمام انسانوں کو آدم کی اولاد کی حیثیت سے دیکھتا ہے اور انہیں ایک کلمۂ توحید پر جمع ہونے کی دعوت دیتا ہے۔ اس دینِ برحق کا تقاضا یہ ہے کہ کم از کم اس کے ماننے والے آپس میں اس طرح متحد و مربوط ہوں کہ اگر زمین کے ایک کونے پر بسنے والے کسی مسلمان کو کوئی گزند پہنچے تو اس کا درد روئے زمین کے تمام مسلمان محسوس کریں۔



ParhloPakistan.com